**15/02/2025**

**12.30 AM(5 min)**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ مسرت شاہ سے خبریں سُنئے**

**نائب صدر جمہوریہ**

**نائب صدر جمہوریہ جگد پپ دھنکھڑ ما تا ویشنو دیوی یونیورسٹی کٹرہ کے دس ویں کنو وکیشن میں شرکت کی غرض سے جموںپہنچ گئے ہےں۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اوروزیراعلیٰ عمر عبداللہ نےہوائی اڈے پر ان کا استقبال کیا۔**

**وزیر اعظم**

**وزیر اعظم نریندر مودی فرانس اور امریکہ کاکامیاب دورہ کرنے کے بعد کل شام وطن واپس پہنچ گئے ہیں۔ امریکہ کے دورے کے دوران انہوں نے امریکی صدر کے ساتھ تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبے میں مشن 5سو لانچ کیا جس کا مقصد سال 2030 تک دو طرفہ تجارت کو 5 سو بلین ڈالر تک پہنچانا ہے ۔**

**کرن رجیجو**

**پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو آج درگاہ حضرت بل کا دورہ کر رہے ہیں ۔ ان کے ہمراہ جموں و کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی بھی ہوں گی ۔**

**وزیراعلیٰ**

**وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ عوامی خدمت میں ایمانداری شفافیت اور لگن کی اہمیت ناگزیر ہے ۔ اسلئے حکومت اور عوام کے درمیان خلیج کو کم کرنے کی اشد ضرورت ہے ۔ عمر عبداللہ SKUAST  جموں میں نو منتخب پنچایت سیکریٹریوں کو تقرری نامے تقسیم کرنے کے بعد ایک تقریب سے خطاب کر رہے تھے ۔**

وزیر اعلیٰ نے ان سیکریٹریوں پر زور دیا کہ وہ دیہی ترقی کے لئے مختص 9 حکومتی فنڈس موثر طریقے سے استعمال کریں ، ساتھ ہی مرکزی و یوٹی سطح کی اسکیموں کو عملانے کے لئے ہر ممکن اقدام کریں ۔

ستیش شرما

سائنس اور ٹکنالوجی کے وزیر ستیش شرما نے شری ماتا ویشنو دیوی یونیورسٹی کٹرہ میں بایوسائنس اور کیمیائی ٹکنالوجی میں ابھرتے ہوئے رجحانات کے بارے میں تیسری بین الاقوامی کانفرنس میں شرکت کی۔

انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سائنس اورٹیکنالوجی معاشرے کی ترقی اور خوشحالی کے لئے لازمی ہے جس سے کھانے کی حفاظت ،صحت ،بیماریوں اور منشیات کی روکتھام اور زرعی شعبے میں بہتری ممکن ہو سکتی ہے۔

سوربھ بھگت

انفارمیشن ٹیکنالوجی محکمہ کے کمشنر سیکریٹری سوربھ بھگت نے جموں و کشمیر میں نیشنل ای ودھان ایپلکیشن (Neva) کی عمل آوری کا جائزہ لینے کی غرض سے ایک میٹنگ کی صدارت کی۔

انہوں نے کہا کہ اس پروجیکٹ کی بر وقت عمل آوری کے لئے ایک ایکشن پلان پہلے ہی ترتیب دیا گیا ہے ۔

نتیش را جورا

ناظم اطلامات نتیش را جورا نے محکمہ اطلاعات کی کارکردگی کا جائزہ لینے کی غرض سے ایک میٹنگ میں عوامی بہبود کے لئے سرگرم مواصلات کی ضرورت
ا

---

جاگر کی ہے ۔ انہوں نے افسران پر زور دیا کہ وہ حکومت کے ترقیاتی پروگراموں کی تشہیر ± کے لئے اختراعی طرز عمل اپنائیں۔ میٹنگ میں جموں و کشمیر کے دونوں صوبوں کے افسران نے شرکت کی ۔

## سرینگر

سرینگر ضلع میں تپ دق کی رو کتھام سے متعلق اقدامات کو تقویت بخشنے کی خاطر سو دن کی TB مخالف مہم کے تحت ایک کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقعہ پر ڈپٹی کمشنر سرینگر بلال محی الدین بٹ نے سبھی سرکاری محکموں اور سماج کے مابین پائیدار اشتراک پر زور دیا تاکہ اس بیماری کا قلع قمع کیا جا سکے ۔

## کو لگام

کو لگام ضلع میں پردھان منتری جن وکاس کار یکرم کے تحت کل ضلع سطح کی کمیٹی کی ایک میٹنگ ڈپٹی کمشنر اطہر عامر خان کی صدارت میں منعقد ہوئی جس دوران تعلیم ، صحت ، بنیادی ڈھانچے اور ہنر مندی کے شعبوں میں سکیم کے مختلف
پہلوو

---

ں پر غور و خوض کیا گیا۔ٔ

## گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور جو کہ میو نسپل کو نسل گاندربل کے منتظم بھی ہیں ،نے ایک میٹنگ کے دوران کونسل کی کارکردگی کا جائیزہ لیا۔ انہوں نے کونسل کے ترقیاتی پروجیکٹوں سے متعلق جانکاری حاصل کرتے ہوئے عوامی سہولیات میں بہتری لانے کی ہدایت دی۔

## بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری نے حاجن اسپتال کا دورہ کر کے وہاں پر مریضوں کو دستیاب طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے علاج و معالجہ کی سہولیات سے متعلق رد عمل جاننے کی غرض سے مریضوں اور ان کے تیمار داروں سے بھی بات کی ۔

## کپواڑہ

فوج اور پولیس نے کپواڑہ ضلع کے بانڈی محلہ چھنی پورہ میں ایک تلاشی کاروائی کے دوران دو پستول، چار پستول میگزین بر آمد کئے ہیں ۔ اس سلسلے میں ایک کیس درج کر کے تحقیقات شروع کر دی گئی ہے ۔

**پولیس**

**جموں کشمیر پولیس نے عید گاہ سرینگر کی جسمانی طور خاص ایک عورت کو ایک لیپ ٹاپ جبکہ ایسے ہی کرکٹ کھلاڑیوں کو مالی معاونت فراہم کی ۔ یہ اقدام سِوِک ایکشن پروگرام کے تحت کیا گیا ۔**

**سرینگر امتیاز حسین اس موقعہ پر موجود تھے ۔ SSP**

**CRPF**

**سی آر پی ایف کی طرف سے سرینگر سیکٹر اور کشمیر سیکٹر میں ویٹرینری ڈاکٹر وں کی ایک ایک اسامی کو کنٹریکچول بنیادوں پر پُر کرنے کےلئے5مارچ کو صبح 9بجے گروپ سینٹر سی کا انعقاد کیا  جا رہا ہے-Interview Walk.in آر پی ایف سرینگر ہمہامہ کیمپ سرینگر میں**

**پر تفصیلات کی جانکاری rect.crpf.gov.in خواہشمند امید وار سی آر پی ایف کی ویب سائٹ حاصل کر سکتے ہیں۔**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔**

**ہمیں دیجئے اجازت**

**خدا حافظ**